## سوال

(109)زید کسی بزرگ کی قبر پر جا کر یہ التجا کرتا ہے الخ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید کسی بزرگ کی قبر پر جا کر یہ التجا کرتا ہے کہ یا حضرت آپ رب کریم سے دعا فرما دیں کہ رب العالمین مجھ کو اولاد عطا فرمائے گا یہ امر جائز ہے یا نہیں ؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

کسی قبر پر جا کر یہ التجا کرنا جائز نہیں اس واسطے کہ یہ کسی دلیل شرعی سے ثابت نہیں ۔ علاوہ برین یہ التجا اس بنا پر ہے کہ زندوں کی التجا مردے سنتے ہیں اور قبر میں ان کی التجا پر دعا کرتے ہیں اوران کی دعا مقبول ہوتی ہے ۔ حالانکہ یہ باتیں کسی دلیل صحیح سے ثابت نہیں پس یہ التجا کیونکہ جائز ہو سکتی ہے ۔ واللہ اعلم بالصوب!( سید محمد نذیر حسین، فتاویٰ نذیریہ جلد اول ص ۲۹)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

**جلد09ص 277**

محدث فتویٰ